ISSN: 2410-9843
مسلسل اشاعت کے 22 سال
www.muqaami.pk

MONTHLY Muqaami Hakoomat LAHORE

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر بلال ظفر

مینیجنگ ایڈیٹر
نعیم ثاقب

ماہنامہ
مقامی حکومت
لاہور

263 | جلد نمبر 22 | شمارہ نمبر 11 | اگست 2025ء

پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی انتظامی اصلاحات کی تیاری

نئے صوبوں کی تشکیل پر غور!

پاکستان کا نیا انتظامی نقشہ کیا ہوگا؟

ڈاکٹر بلال ظفر

پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام کی بحث ایک بار پھر زور پکڑتی نظر آ رہی ہے گو کہ یہ بحث کوئی نئی بات نہیں ہے۔ وقتاً فوقتاً نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے کبھی انتظامی اور کبھی سیاسی مطالبات سر اٹھاتے رہتے ہیں۔ لیکن حالیہ سیاسی تبدیلیوں نے اسے ایک نئی زندگی بخش دی ہے۔ فاٹا کے علاقوں کے

کی دوڑ میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔ وہاں کے عوام کو محسوس ہوتا ہے کہ ان کے مسائل صوبائی دارالحکومت تک پہنچنے سے پہلے ہی دم توڑ دیتے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت سے ہزاروں کلومیٹر دور بیٹھا ایک عام شہری یہ سمجھتا ہے کہ اس کی آواز اس کے اپنے صوبے کی حکومت تک نہیں پہنچ پاتی۔ یہی وہ بنیادی محرک ہے جو جنوبی پنجاب، ہزارہ اور دیگر خطوں

دنیا کے کئی ممالک نے اپنی انتظامی حدود کو دوبارہ ترتیب دے کر گورننس کے مسائل حل کرنے کی کوشش کی ہے۔

کے وسائل تو مرکز کی جانب منتقل ہوتے ہیں لیکن بدلے میں انہیں ترقی کے مناسب منصوبے، صحت اور تعلیم کی سہولیات میسر نہیں آتیں۔ اس

کے متوازی جنوبی پنجاب کے خطے میں بہاولپور کے عوام بھی اپنے تاریخی صوبے اور ریاست بہاولپور کی بحالی پر مصر ہیں۔ خیبر پختونخوا میں ہزارہ صوبے کا مطالبہ بھی زور پکڑ رہا ہے، جہاں ہزارہ ڈویژن کے عوام اپنے آپ کو محروم اور نظر انداز شدہ تصور کرتے ہیں اور خود کو پشاور کی حکومت سے الگ تھلگ محسوس کرتے ہیں۔ وہاں کے لوگ اپنی الگ ثقافتی اور لسانی شناخت رکھتے ہیں اور اسے سیاسی طور پر تسلیم کیے جانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں انضمام کے بعد یہ موضوع دوبارہ شدت اختیار کر گیا ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے بھی مختلف ادوار میں انتظامی ڈھانچے کی از سرِ نو تشکیل کی کوششیں ہوئیں، لیکن یا تو ان پر مکمل عمل درآمد نہ ہو سکا یا پھر ان کے نتائج نے نئے مسائل کو جنم دیا۔ نئے صوبوں کے قیام کی یہ بحث درحقیقت ہماری ریاست کی بنیادی ساخت، انتظامیہ کی کارکردگی، اور عوام کے مسائل کے حل سے براہِ راست جڑی ہوئی ہے۔ بڑے صوبوں کے دور دراز علاقے اکثر ترقی

میں نئے صوبے کے قیام کی تحریکوں کو ہوا دے رہا ہے۔ جنوبی پنجاب میں سرائیکی صوبے کی تحریک اس وقت سب سے نمایاں ہے، جو لسانی شناخت اور ثقافتی تحفظ کے ساتھ ساتھ انتظامی سہولت کے دلائل رکھتی ہے۔ اس خطے کی بات کی جائے تو وہاں کے عوام کا ماننا ہے کہ لاہور کی حکمران اشرافیہ نے ہمیشہ سے ترقی کے وسائل پر اپنا قبضہ جمائے رکھا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کے علاقے

(بقیہ صفحہ نمبر 2)

نئے صوبوں کے قیام سے معاشی ترقی اور بہتر طرزِ حکمرانی ممکن ہے: میاں عامر محمود

"پاکستان 2030۔ چیلنجز، مواقع اور نئے راستے" کے عنوان سے پنجاب یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن میں منعقدہ سیمینار سے خطاب

نعیم ثاقب

پنجاب گروپ آف کالجز کے چیئرمین میاں عامر محمود نے کہا ہے کہ پاکستان میں نئے صوبوں کا قیام انصاف تک بہتر رسائی، محصولات میں اضافے اور معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وسائل کی کمی نہیں بلکہ قیادت کے فقدان اور ناقص طرزِ حکمرانی نے ملک کو مسائل میں گھیر رکھا ہے اور اگر ڈویژنز کو صوبوں میں تبدیل کر دیا جائے تو اخراجات میں کمی اور ترقیاتی بجٹ میں اضافہ ممکن ہوگا۔ وہ پنجاب یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن میں ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سیکٹر یونیورسٹیز آف پاکستان (APSUP) کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار بعنوان "پاکستان 2030۔ چیلنجز، مواقع اور نئے راستے" سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے ماضی اور حال کا تقابلی

جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈھائی سو سال قبل دنیا میں بادشاہ اور سلطنتیں ہوتی تھیں جو اپنی سلطنتیں بڑھانے کے لیے مزید علاقے فتح کرتی تھیں لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ عوامی طاقت پر مبنی ریاستیں وجود میں آئیں۔ آج شہری اپنے ملک سے اس لیے محبت کرتے ہیں کہ وہاں ان کے حقوق کو تسلیم اور محفوظ کیا جاتا ہے۔ میاں عامر محمود نے کہا کہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو بہترین سہولیات فراہم کرے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ پاکستان میں آج بھی ڈھائی کروڑ بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ تعلیم، معیشت، قانون اور فلاح وہ ستون ہیں جن پر ایک مضبوط معاشرہ کھڑا ہوتا ہے۔ لیکن

مقامی حکومتوں کا نظام بھی ملک میں کامیابی سے نہ چل سکا حالانکہ عوامی مسائل کا پہلا حل مقامی سطح پر ہی نکالا جانا چاہیے۔

پاکستان ان ستونوں کو کمزور کرنے والی بدانتظامی کا شکار ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان قانون کی حکمرانی کے اشاریے میں دنیا کے 142 ممالک میں سے 129ویں نمبر پر ہے، جو انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے مقدمات کے فیصلے کہا کہ صوبوں اور انتظامی اکائیوں کو چھوٹا کیے بغیر شفافیت اور عوامی فلاح کو یقینی بنانا ممکن نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ قتل کے 16 سے 17 سال بعد آتے ہیں جس سے فریقین کی زندگیاں تباہ ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح مقامی حکومتوں کا نظام بھی ملک میں کامیابی سے نہ چل سکا حالانکہ عوامی مسائل کا پہلا حل مقامی سطح پر ہی

نکالا جانا چاہیے۔ انہوں نے یہ تجویز پیش کی کہ ہر ڈویژن کو صوبے کا درجہ دیا جائے۔ اس سے اخراجات میں کمی آئے گی اور ترقیاتی بجٹ میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت کمشنر کی جگہ چیف سیکریٹری اور ریجنل پولیس افسر کی جگہ آئی جی تعینات کرے تو نظام زیادہ مؤثر اور جواب دہ ہو سکتا ہے۔

(بقیہ صفحہ نمبر 2)

معاشی استحکام کے لیے اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی ناگزیر ہے: ایس ایم تنویر

کراچی میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تاجر نمائندوں کی پریس کانفرنس

شہریار جنجوعہ

کراچی: یونائیٹڈ بزنس گروپ کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرنے کے لیے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی ناگزیر ہے، کیونکہ موجودہ نظام تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور معاشی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ کراچی میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزادی کے وقت پاکستان کی آبادی 3 کروڑ 20 لاکھ تھی اور چار صوبے تھے، لیکن آج جب آبادی 24 کروڑ تک جا پہنچی ہے تو بھی انتظامی

ڈھانچہ وہی چار صوبوں تک محدود ہے۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ ملک کے پاس اربوں ڈالر مالیت کے معدنی وسائل موجود ہیں اور ہر ڈویژن اپنی معاشی استعداد رکھتا ہے، لیکن کسی ایک افسر کے بس میں نہیں کہ وہ تنہا ترقی لے کر

نئے صوبے بنانے سے معاشی ترقی تیز ہو سکتی ہے تو ایف پی سی سی آئی اس اقدام کی حمایت کرے گی۔

آئے۔ اس کے لیے مقامی ملکیت اور اختیارات کی تقسیم ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت سمجھتی ہے کہ: "نئے صوبے بنانے سے معاشی ترقی تیز ہو سکتی ہے تو ایف پی سی سی آئی اس اقدام کی حمایت کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اپنے دشمن بھارت کا مقابلہ کرنے کے لیے معیشت کو مضبوط بنانا ہوگا اور اس مقصد کے لیے ہمیں "ایشین ٹائیگر" بننے کا ہدف اپنانا چاہیے" ایس ایم تنویر نے مزید بتایا کہ اسلام آباد میں جلد ایک کانفرنس منعقد کی جائے گی جس میں پارلیمنٹ کے اراکین سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو دعوت دی جائے گی تاکہ معیشت کی مضبوطی کے لیے اجتماعی حکمت عملی تشکیل دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے حوالے سے ریسرچ پیپرز تیار کر لیے گئے ہیں جو حکومت کو پیش کیے جائیں گے۔ انہوں

نے زور دیا کہ ہمارا مقصد سیاست نہیں بلکہ معیشت ہے، اور حکومت سے ہمارا بنیادی مطالبہ یہ ہے کہ آئین کی اٹھارویں ترمیم پر اس کی اصل روح کے مطابق عمل درآمد کیا جائے۔ اس موقع پر ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرم شیخ، سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں، میاں زاہد حسین، اختیار بیگ اور خالد تواب سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے جنہوں نے ایس ایم تنویر کی تجاویز کی مکمل تائید کی۔

مقامی حکومت

ریذیڈنٹ ایڈیٹر (کراچی)
شہریار جنجوعہ

ریذیڈنٹ ایڈیٹر (لاہور)
محمد یاسین ظفر

برائے رابطہ:
واٹس ایپ: 0300-8400373
ای میل: muqaami@hotmail.com
پوسٹ بکس 5191 ، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔54700
قیمت فی شمارہ: 25 روپے زرِ سالانہ: 300 روپے

ایڈیٹر و پبلشر محمد بلال ظفر نے کے وائی پرنٹرز سے چھپوا کر ماڈل ٹاؤن لاہور سے شائع کیا۔

نئے صوبے یا مضبوط مقامی حکومتیں؟

اداریہ

پاکستان میں ایک بار پھر نئے صوبوں کے قیام کی بحث چھڑ گئی ہے۔ کچھ حلقوں کا مؤقف ہے کہ موجودہ بڑے صوبے اپنی بڑھتی ہوئی آبادی اور پھیلے ہوئے انتظامی ڈھانچے کے باعث مؤثر حکمرانی نہیں کر پا رہے۔ خاص طور پر پنجاب کی 13 کروڑ آبادی کو ایک مرکز لاہور سے چلانا ممکن نہیں رہا۔ یہی وجہ ہے کہ بہاولپور، جنوبی پنجاب، اور کراچی کو علیحدہ صوبہ بنانے کی آوازیں اٹھ رہی ہیں۔ بلوچستان میں بھی وسائل کی غیر مساوی تقسیم اور مقامی محرومیوں کے پیشِ نظر صوبے کی مزید تقسیم کی تجاویز سامنے آ رہی ہیں۔ یہ دلیل اپنی جگہ وزن رکھتی ہے کہ چھوٹے صوبے زیادہ جواب دہ اور عوام کے قریب ہوتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف یہ حقیقت بھی ہے کہ نئے صوبے بنانا محض سیاسی نقشہ بدلنے کا نام نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر نئے ادارے، اسمبلیاں، بیوروکریسی اور سیکورٹی ڈھانچے بھی درکار ہوں گے۔ اس سے اخراجات بڑھنے کا خدشہ ہے، جبکہ ملک پہلے ہی معاشی مشکلات میں گھرا ہوا ہے۔ اس تناظر میں ایک اہم سوال یہ ہے کہ کیا واقعی عوامی مسائل کا حل نئے صوبوں میں ہے یا پھر موجودہ ڈھانچے کے اندر رہتے ہوئے مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے میں؟ دنیا کے کامیاب وفاقی ماڈل بتاتے ہیں کہ عوامی سہولتیں سب سے زیادہ مؤثر طور پر نچلی سطح پر فراہم کی جا سکتی ہیں۔ نالی، سڑک، اسکول یا ہسپتال کا مسئلہ کسی وزیرِ اعلیٰ یا گورنر کے دفتر سے حل نہیں ہوتا، یہ کام وارڈ کونسلر یا بلدیاتی نمائندہ زیادہ بہتر انداز میں کر سکتا ہے۔ پاکستان کا المیہ یہ ہے کہ این ایف سی ایوارڈ کے ذریعے وفاق سے صوبوں کو وسائل تو منتقل ہوتے ہیں، لیکن صوبے ان وسائل کو ضلعی اور مقامی سطح تک نہیں پہنچاتے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ عوام اپنے بنیادی حقوق اور سہولتوں سے محروم رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اگر صوبے اپنی صوبائی خودمختاری کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کو بھی آئینی تحفظ اور مالیاتی خودمختاری دیں، تو شاید نئے صوبے بنانے کی ضرورت ہی نہ پڑے۔ یقیناً ملک کے کچھ علاقے ایسے ہیں جہاں احساسِ محرومی اتنا گہرا ہے کہ وہاں صوبے کے مطالبے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، مثلاً جنوبی پنجاب یا کراچی۔ مگر عمومی طور پر پاکستان کے مسائل کا اصل حل ایک مضبوط اور مستقل مقامی حکومتوں کے نظام میں ہے، جو سیاسی حکومتوں کے بدلنے کے ساتھ تحلیل نہ ہو بلکہ آئینی طور پر عوام کے منتخب نمائندوں کو وسائل اور اختیارات منتقل کرے۔ ادارہ جاتی اصلاحات کے بغیر نئے صوبے بنانا محض علامتی اقدام ہوگا۔ اگر ہم واقعی عوامی فلاح، مساوات اور ترقی کے خواہاں ہیں تو ہمیں سب سے پہلے بلدیاتی ڈھانچے کو آئینی، مالی اور انتظامی بنیادوں پر مضبوط بنانا ہوگا۔ نئے صوبے تب ہی بامعنی ہوں گے جب ان کے اندر ایک شفاف اور بااختیار مقامی حکومت کا نظام بھی موجود ہو۔

کراچی کی سڑکیں اور انفرا اسٹرکچر

شہریار جنجوعہ

پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور اقتصادی دارالحکومت، کراچی برسہا برس سے بنیادی ڈھانچے کے مسائل کا شکار ہے، جو ہر بارش کے بعد اپنی بھیانک صورت میں سامنے آتے ہیں۔ حالیہ مون سون میں بھی صورتحال مختلف نہ رہی۔ بارش کے چند گھنٹوں بعد ہی شہر کی بڑی سڑکیں جھیل کا منظر پیش کرنے لگیں، ٹریفک جام معمول بن گیا اور شہری زندگی معطل ہو کر رہ گئی۔ یہ سب محض قدرتی آفت کا نتیجہ نہیں بلکہ برسوں کی بدانتظامی، ناقص منصوبہ بندی اور کرپشن کی طویل تاریخ کا عکس ہے۔ جب بارشیں ہوتی ہیں تو شہر کی مرکزی شاہراہیں پانی میں ڈوب جاتی ہیں۔ نالے کچرے اور مٹی سے بھرے ہونے کے باعث نکاسی آب کا نظام بری طرح ناکام ہو جاتا ہے۔ لیاری، اورنگی، کورنگی اور ملیر جیسے نچلے علاقے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ شہری گھنٹوں پانی میں پھنسی گاڑیوں میں سڑکوں پر خوار ہوتے ہیں، حادثات پیش آتے ہیں اور گھروں میں پانی داخل ہونے سے لوگوں کی املاک تباہ ہو جاتی ہیں۔ یہ صورتحال صرف عام آدمی کو ہی نہیں بلکہ تجارتی سرگرمیوں کو بھی بری طرح متاثر کرتی ہے۔ کراچی کی بندرگاہ، صنعتیں اور مارکیٹیں سڑکوں کے بہتر نظام پر انحصار کرتی ہیں، اور جب سڑکیں ہی پانی میں ڈوب جائیں تو رسد کا نظام متاثر ہوتا ہے، لاگت بڑھتی ہے اور کاروباری نقصانات میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایمرجنسی سروسز تک متاثرہ علاقوں تک بروقت نہیں پہنچ پاتیں جس سے مشکلات دوچند ہو جاتی ہیں۔ کراچی کے مسائل کی جڑ اس کی بدانتظامی میں ہے۔ شہر کی بلدیاتی حکومتیں، صوبائی حکومت اور وفاقی ادارے سب مل کر اس شہر کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے میں ناکام رہے ہیں۔ منصوبہ بندی میں ربط نہیں، کرپشن عام ہے اور ٹھیکے ایسے افراد یا اداروں کو دیے جاتے ہیں جو کم معیار کا کام کر کے چند ماہ میں سڑکوں کو دوبارہ برباد کر دیتے ہیں۔ برسوں سے آبادی میں بے تحاشا اضافہ ہوا لیکن شہری منصوبہ بندی اس کے ساتھ ہم آہنگ نہیں ہو سکی۔ غیر قانونی آبادیاں نالوں اور برساتی پانی کے راستوں پر بن گئیں اور حکومت نے کبھی سنجیدگی سے ان پر قابو نہیں پایا۔ شہر کی سڑکوں کی حالت اس بدانتظامی کی عکاس ہے۔ جگہ جگہ گڑھے، دھنستی ہوئی سڑکیں اور ٹوٹے ہوئے پل عوام کو روزانہ کی آزمائش میں مبتلا کرتے ہیں۔ کئی مقامات پر برساتی نالے یا تو موجود ہی نہیں یا پھر ان پر قبضہ کر لیا گیا ہے، نتیجہ یہ کہ پانی جمع ہو کر پورے علاقے کو جھیل بنا دیتا ہے۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے کوئی جامع ماسٹر پلان ترتیب نہیں دیا گیا، جس کی وجہ سے ہر ترقیاتی منصوبہ ادھورا اور غیر مربوط رہ جاتا ہے۔ سیاسی تبدیلیاں اور مالی بدانتظامی منصوبوں کو ادھورا چھوڑ دیتی ہیں اور عوام ایک بار پھر بارشوں میں ڈوبتے شہر کا سامنا کرتے ہیں۔ اس ساری صورتحال کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقہ اٹھاتا ہے۔ ان کے گھروں میں پانی بھر جاتا ہے، پینے کا صاف پانی آلودہ ہو جاتا ہے اور بجلی کے طویل تعطل سے ان کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ بچوں کی تعلیم متاثر ہوتی ہے، مزدور روزگار سے محروم ہو جاتے ہیں اور صحت کے مسائل بڑھتے ہیں۔ بار بار کی مشکلات عوام کے اندر مایوسی اور اداروں پر سے اعتماد کے خاتمے کا باعث بن رہی ہیں۔ کراچی، جسے پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کہا جاتا ہے، اپنی بگڑتی حالت کی وجہ سے سرمایہ کاری اور سیاحت دونوں میں اپنی کشش کھو رہا ہے۔ اس تباہ کن صورتحال سے نکلنے کے لیے وقتی اقدامات نہیں بلکہ جامع اور طویل المدتی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے نکاسی آب کے نظام کی صفائی اور جدید کاری لازمی ہے تاکہ ہر سال برسات کا پانی شہری زندگی کو مفلوج نہ کرے۔ شہری منصوبہ بندی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا، قبضہ مافیا پر قابو پانا ہوگا اور ماحولیاتی توازن کو مدِنظر رکھتے ہوئے نالوں اور قدرتی آبی گزرگاہوں کو بحال کرنا ہوگا۔ سب سے بڑھ کر ایک آزاد ادارہ تشکیل دینا ضروری ہے جو انفرا اسٹرکچر منصوبوں میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنائے۔ صوبائی اور شہری حکومت کے درمیان تعاون بڑھانا اور مالی وسائل کے درست استعمال کو یقینی بنانا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کراچی کے عوام بار بار یہی سوال اٹھاتے ہیں کہ کب تک بارش ان کے لیے خوشی کے بجائے اذیت بن کر آتی رہے گی؟ حالیہ بارشوں کو ایک وارننگ سمجھتے ہوئے اگر سنجیدہ اور دیرپا اقدامات نہ کیے گئے تو یہ شہر مزید ڈوبتا جائے گا۔ کراچی وہ مستقبل کا خواب دیکھنے کا حق رکھتا ہے جہاں بارشیں زندگی کو سنواریں، بگاڑیں نہیں، اور جہاں ترقی اور خوشحالی کی راہیں پانی میں بہہ نہ جائیں بلکہ اس شہر کے باسیوں کے لیے ایک نئی صبح کی نوید لائیں۔

(بقیہ صفحہ نمبر 1) نئے صوبوں کی تشکیل پر غور!

اسی طرح سندھ میں مہاجر صوبے کا مطالبہ بھی ایک انتہائی پیچیدہ اور حساس مسئلہ ہے جو بنیادی طور پر شہری علاقوں خصوصاً کراچی اور حیدرآباد میں آباد اردو اسپیکنگ مہاجر برادری کے انتظامی، معاشی اور سیاسی مسائل سے پیدا ہوا ہے۔ اس مطالبے کے حامیوں کا مؤقف ہے کہ موجودہ صوبائی نظام میں انہیں سیاسی نمائندگی، روزگار کے مواقع اور وسائل کی تقسیم میں منصفانہ حصہ نہیں مل رہا۔ وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ کراچی جو ملک کے معاشی حب کے ساتھ ساتھ سب سے زیادہ محصولات دینے والا شہر ہے، کو اس کے حق کے مطابق ترقیاتی بجٹ نہیں دیا جاتا تاہم یہ مطالبہ سندھ کی سیاست میں شدید تنازعات کا باعث بنا ہوا ہے۔ مخالفین اسے صوبے کی تاریخی وحدت، ثقافتی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے منافی قرار دیتے ہیں۔ وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ یہ مطالبہ نسلی بنیادوں پر تقسیم کو ہوا دے گا اور موجودہ آئینی ڈھانچے کے تحت اس کی عملداری مشکل ہے۔ اس کے علاوہ، اس مسئلے نے سندھ کے دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان تاریخی تقسیم کو بھی اجاگر کر دیا ہے۔ جہاں سندھ میں ایم کیو ایم کراچی اور حیدرآباد کو الگ صوبہ بنانے کی وکالت کرتی نظر آتی ہے وہاں بلوچستان میں شمالی بلوچستان کے نام سے نیا صوبہ بنانے کی آوازیں بھی سنائی دیتی ہیں لیکن نئے صوبے بنانا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ آئینِ پاکستان کی شق 239 میں اس کے لیے ایک واضح اور مشکل طریقہ کار بیان کیا گیا ہے۔ کسی بھی نیا صوبہ بنانے یا موجودہ صوبے کی جغرافیائی حدود میں تبدیلی کے لیے آئین میں ترامیم کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے لیے نہ صرف قومی اسمبلی اور سینیٹ سے دو تہائی اکثریت سے بل پاس کرانا ہوگا، بلکہ متعلقہ صوبائی اسمبلی سے بھی اسے اسی اکثریت سے منظور کرانا لازمی ہے۔ یہی وہ نقطہ ہے جہاں یہ بحث سیاسی مفادات کے دلدل میں پھنس کر رہ جاتی ہے۔ کوئی بھی حکمران جماعت اپنے صوبے کو تقسیم کرنے پر راضی نہیں ہوتی، چاہے وہ کتنی ہی عوامی حمایت کیوں نہ رکھتی ہو۔ یہ ایک ایسی سیاسی جنگ ہے جس میں جذبات، مفادات اور قانون سب ہی ایک دوسرے سے الجھے ہوئے ہیں۔ حالیہ الیکشن کے بعد پیپلز پارٹی نے اس مسئلے کو ایک بار پھر اجاگر کرنا شروع کر دیا ہے۔ وہ جنوبی پنجاب کے صوبے کے قیام کی دیرینہ حامی ہے اور اسے اپنے سیاسی ایجنڈے کا اہم حصہ سمجھتی ہے۔ دوسری طرف مسلم لیگ ن، جو کہ پنجاب میں حکومت رکھتی ہے، اس معاملے پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ مسلم لیگ ن کے لیے یہ ایک مشکل انتخاب ہے۔ ایک طرف تو وہ اصولی طور پر اس کی حمایت کرتی ہے لیکن عملی طور پر اپنے سب سے بڑے صوبے کو تقسیم کرنا اس کے لیے سیاسی خودکشی کے مترادف ہوگا۔ سیاسی بحث سے ہٹ کر عوام کے مسائل کو مدِنظر رکھتے ہوئے دیکھا جائے تو دنیا کے کئی ممالک نے اپنی انتظامی حدود کو دوبارہ ترتیب دے کر گورننس کے مسائل حل کرنے کی کوشش کی ہے۔ بھارت اس کی نمایاں مثال ہے، جہاں آزادی کے بعد 1953ء میں فضل علی کمیشن کے ذریعے ریاستی حدود کی از سرِ نو تشکیل کی گئی اور 14 ریاستوں اور تین یونین ٹیریٹریز بنانے کی سفارش کی گئی۔ بعد ازاں 1956ء کی تنظیمِ نو اور پارلیمان کو آئین کی دفعات 2، 3 اور 4 کے تحت نئے صوبے بنانے کے اختیار نے بھارت میں وقتاً فوقتاً مزید ریاستوں کو جنم دیا۔ یہاں تک کہ آج وہاں 28 ریاستیں اور 8 یونین ٹیریٹریز ہیں۔ نائیجیریا نے بھی اپنی وفاقی اکائیوں کو بار بار تقسیم کیا اور اب اس کی 36 ریاستیں پہلے سے کہیں زیادہ فعال سمجھی جاتی ہیں۔ ایتھوپیا نے نسلی و لسانی بنیادوں پر صوبوں کی تشکیل کے ذریعے مختلف قومیتی گروہوں کو نمائندگی فراہم کی۔ پاکستان میں بھی وقتاً فوقتاً اسی نوعیت کی تجاویز سامنے آتی رہی ہیں۔ 2012ء میں قومی اسمبلی نے جنوبی پنجاب صوبے اور بہاولپور صوبے کے قیام سے متعلق قراردادیں منظور کیں۔ اسی برس ایک پارلیمانی کمیشن بھی تشکیل دیا گیا جس نے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی سفارش کی، اگرچہ سیاسی اتفاقِ رائے نہ ہونے کے باعث یہ عملی شکل اختیار نہ کر سکا۔ اس سے قبل بہاولپور صوبے کی بحالی کے مطالبے پر کئی بار قراردادیں پنجاب اسمبلی میں بھی منظور ہوئیں۔ گزشتہ دورِ حکومت میں ملتان اور بہاولپور میں جنوبی پنجاب انتظامی سیکریٹریٹ بھی قائم کر دیا گیا تھا جو کہ ہنوز قائم ہے گو کہ انتظامی طور پر اس کو زیادہ اختیارات حاصل نہیں ہیں اور اس کی سربراہی ایک ایڈیشنل چیف سیکرٹری کے پاس ہے جس کا کردار نہ ہونے کے برابر ہے۔ ملتان یا بہاولپور کو مرکز بنا کر جنوبی پنجاب کی صورت میں الگ صوبے کی تشکیل کا مطالبہ بارہا سامنے آیا لیکن آئینی اور سیاسی رکاوٹوں کے باعث یہ معاملہ زیادہ آگے نہ بڑھ سکا۔ تاہم 18ویں آئینی ترمیم کے بعد صوبائی خودمختاری کے بڑھنے سے یہ بحث ایک نئی سمت اختیار کر گئی۔ اختیارات کی مرکز سے صوبوں کو منتقلی نے جہاں وفاقیت کو مضبوط بنایا وہیں اندرونی سطح پر مزید تقسیم کے مطالبات کو تقویت دی۔ حامیوں کے نزدیک نئے صوبے بہتر نمائندگی، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور گورننس کی بہتری کے لیے ضروری ہیں۔ ان کے خیال میں چھوٹے صوبے انتظامی طور پر زیادہ مؤثر ہوں گے اور وفاق زیادہ مضبوط ہوگا۔ مخالفین کا مؤقف ہے کہ اس سے لسانی و نسلی تقسیم بڑھے گی، وسائل پر جھگڑے ہوں گے اور سیاسی عدم استحکام میں اضافہ ہوگا۔ یہی وہ نکتہ ہے جہاں بحث سب سے زیادہ حساس اور پیچیدہ ہو جاتی ہے۔ ان تمام حقائق اور اعداد و شمار کو مدِنظر رکھتے ہوئے وفاقی حکومت اور ریاستی ادارے اس وقت ایک بڑے اور بنیادی نوعیت کے انتظامی ڈھانچے کی تبدیلی پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں، جس کے تحت ملک کو بارہ یا اس سے زائد صوبوں میں تقسیم کرنے کی مختلف تجاویز زیرِ بحث ہیں۔ اگرچہ اس حوالے سے کوئی باضابطہ اعلان تاحال سامنے نہیں آیا، تاہم حکومتی اور انتظامی حلقوں میں یہ موضوع اب محض تصوراتی بحث نہیں رہا بلکہ ایک عملی پالیسی آپشن کے طور پر ابھر رہا ہے۔ اس نہایت اہم قومی مسئلے پر مشاورت کو وسیع البنیاد بنانے کے لیے حکومت نے ملک کی بزنس کمیونٹی، تعلیمی اداروں کے سربراہان اور معاشی و سیاسی تھنک ٹینکس کو بھی شامل کرنا شروع کر دیا ہے تاکہ یہ عمل صرف ریاستی فیصلہ نہ ہو بلکہ ایک وسیع تر قومی اتفاقِ رائے کی بنیاد پر آگے بڑھایا جا سکے۔ اس کی مثال کراچی میں ایف پی سی سی آئی کے نمائندوں کی پریس کانفرنس ہے، جہاں تاجر برادری کے قائدین نے نئے صوبوں کے قیام کو انتظامی بہتری اور معاشی تقسیم کے لیے ناگزیر قرار دیا۔ اسی طرح لاہور میں ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سیکٹر یونیورسٹیز آف پاکستان کے اجلاس میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کے سربراہان نے بھی واضح کیا کہ موجودہ گورننس ڈھانچہ ملکی معاشی و سماجی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے اور مزید صوبوں پر مشتمل ایک نیا قومی نقشہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دوسری جانب اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ کی تازہ رپورٹ نے بھی اس بحث کو تقویت دی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ موجودہ صوبائی ڈھانچہ نہ صرف غیر متوازن ہے بلکہ عوامی خدمت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم میں ناکام ہو چکا ہے اور پاکستان اس وقت ایک نئے انتظامی دوراہے پر کھڑا ہے جہاں یہ فیصلہ کرنا ناگزیر ہے کہ پرانے ڈھانچے کے جمود کو برقرار رکھا جائے یا ایک نئے، شفاف، متوازن اور عوام کے قریب گورننس سسٹم کی طرف قدم بڑھایا جائے۔ ان سب تجاویز کا بنیادی مقصد یہی بتایا جا رہا ہے کہ نسلی و لسانی سیاست کو کمزور کرتے ہوئے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے قائم کیے جائیں تاکہ وفاق مزید مضبوط ہو سکے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ موجودہ صوبائی سیٹ اپ، جو 1970ء سے قائم ہے، بڑی حد تک لسانی بنیادوں پر کھڑا ہے۔ اگر نئے صوبے انتظامی سہولت، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور بہتر گورننس کے اصول پر بنائے گئے تو اس سے قومی یکجہتی کو فروغ ملے گا اور ریاستی اداروں کی کارکردگی کے لیے ایک نئی سمت متعین ہوگی۔ ان مثالوں کو سامنے رکھتے ہوئے پاکستان میں مزید صوبوں کے قیام کا خیال اس لیے زیرِ غور ہے تاکہ ماضی میں لسانی یا نسلی بنیادوں پر پیدا ہونے والے سیاسی تناؤ کو کم کیا جا سکے، قومی یکجہتی کو فروغ دیا جا سکے اور سب سے بڑھ کر ترقیاتی وسائل کی منصفانہ تقسیم ممکن بنائی جا سکے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام محض انتظامیہ کی تقسیم کا نام نہیں ہے۔ اس منصوبے پر عملدرآمد کے لیے کئی مراحل درکار ہوں گے جن میں آئینی ترامیم، اسمبلیوں سے منظوری، عبوری گورنرز اور سیکرٹریٹ کی تعیناتی، نئی حلقہ بندیاں، وسائل اور پانی کی تقسیم اور بعد ازاں انتخابات بھی شامل ہیں۔ تاہم اس حوالے سے کوئی باضابطہ ٹائم لائن یا سرکاری دستاویز ابھی تک سامنے نہیں آئی ہے۔ سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ اگر پاکستان کو مزید نئے صوبوں میں تقسیم کرنے کی تجویز حقیقت کا روپ دھارتی ہے تو یہ عوام کے مسائل کے حل کا ایک ذریعہ بھی ہو سکتا ہے۔ جب حکومت عوام کے قریب ہوگی تو فیصلہ سازی میں تیزی آئے گی، وسائل کا بہتر استعمال ہوگا اور مقامی ثقافت و زبان کو تحفظ ملے گا لیکن اس کے لیے ریاست کو عوامی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی۔ اس کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک و قوم کے مستقبل کے بارے میں سوچنا ہوگا۔ یہ ایک مشکل سفر ہے لیکن اگر اسے صحیح نیت اور عوامی دباؤ کے تحت طے کیا جائے تو یہ پاکستان کو مضبوط اور خوشحال بنانے میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ بعض ماہرین کے نزدیک وہ ملک جہاں آئین و قانون پر عملدرآمد کے حوالے سے بہت ساری کمزوریاں پائی جاتی ہوں وہاں پر مزید صوبوں کے قیام سے بہت سارے پیچیدہ سیاسی و انتظامی مسائل جنم لے سکتے ہیں اور نئے صوبے بنانے کی بجائے اس مسئلے کا بہترین حل موجودہ صوبائی نظام میں اصلاحات، مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانے اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کے ذریعے بھی نکالا جا سکتا ہے۔ بہرصورت اس معاملے پر کسی بھی فیصلے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ جامع مذاکرات اور قومی مفاد کو مدِنظر رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ جیسا کہ اختصار کے ساتھ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ ملک میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے چھڑنے والی اس بحث پاکستان کی ایک تحقیق میں معاشی تھنک ٹینک اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ نے اپنی ایک حالیہ رپورٹ میں انتظامی ڈھانچے کی اصلاحات کے لیے تین منظرنامے تجویز کیے ہیں۔ پہلے منظرنامے میں 12 صوبے، دوسرے میں 15 سے 20 چھوٹے صوبے جبکہ تیسرے میں 38 وفاقی ڈویژنز بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق موجودہ صوبائی ڈھانچہ علاقائی معاشی ترقی کی خلیج کو ختم کرنے میں ناکام ہو چکا ہے اور پاکستان کے صوبے عالمی معیار کے مقابلے میں حد سے زیادہ بڑے ہیں۔ تھنک ٹینک کے مطابق صوبوں میں آبادی کے بے تحاشا فرق کی وجہ سے مسائل بڑھ رہے ہیں۔ غربت، بے روزگاری اور تعلیم کی شرح میں نمایاں فرق موجود ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر 12 چھوٹے صوبے قائم کیے جائیں تو ہر صوبے کی آبادی کم ہو کر تقریباً 2 کروڑ رہ جائے گی اور صوبائی بجٹ 994 ارب روپے تک بڑھ سکتا ہے۔ 15 سے 20 صوبوں کے قیام کی صورت میں صوبائی بجٹ 600 سے 800 ارب روپے تک متوقع ہے اور ہر صوبے کی آبادی ایک کروڑ 20 لاکھ سے ایک کروڑ 60 لاکھ تک ہو سکتی ہے۔ اسی طرح 38 وفاقی ڈویژنز بنانے سے ہر ڈویژن کی آبادی اوسطاً 63 لاکھ افراد پر مشتمل ہوگی۔ پاکستان کی 24 کروڑ 15 لاکھ آبادی اس وقت صرف چار صوبوں میں قیام پذیر ہے۔ پنجاب کی آبادی 12 کروڑ 76 لاکھ، سندھ کی 5 کروڑ 56 لاکھ، خیبر پختونخوا کی 4 کروڑ 8 لاکھ اور بلوچستان کی 1 کروڑ 48 لاکھ ہے۔ یوں اوسط صوبائی آبادی 6 کروڑ سے زائد بنتی ہے۔ صوبوں میں آبادی کے اس فرق کے باعث وسائل کی تقسیم بھی غیر متوازن ہے۔ پنجاب کو 5 ہزار 355 ارب روپے مل رہے ہیں جبکہ بلوچستان کو صرف ایک ہزار 28 ارب روپے دیے جا رہے ہیں۔ غربت کی شرح بھی مختلف ہے: پنجاب میں 30 فیصد، سندھ میں 45 فیصد، خیبر پختونخوا میں 48 فیصد اور بلوچستان میں 70 فیصد۔ ماہرین کے مطابق چھوٹے صوبوں کے قیام سے بجٹ کو زیادہ مؤثر طریقے سے استعمال کیا جا سکے گا۔ غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق سب سے زیادہ مناسب خیال کیے جانے والے منظرنامے کے تحت پنجاب، بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا کو 12 چھوٹے صوبوں میں تقسیم کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کو مزید انتظامی اختیارات دینے پر بھی غور ہو رہا ہے۔ مختلف آپشنز میں پنجاب کو چار، بلوچستان کو چار، سندھ کو دو اور خیبر پختونخوا کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کی تجاویز شامل ہیں، جن کے ہیڈ کوارٹرز اور ممکنہ اضلاع کی ابتدائی فہرست تیار کی گئی ہے۔ پنجاب کے نئے صوبوں میں وسطی پنجاب (جس کا ہیڈ کوارٹر لاہور ہوگا)، شمالی پنجاب (راولپنڈی)، جنوبی پنجاب (ملتان) اور مغربی پنجاب (فیصل آباد) شامل ہوں گے۔ بلوچستان کو ساحلی (گوادر)، وسطی (خضدار)، شمالی (کوئٹہ) اور مشرقی بلوچستان (ڈیرہ مراد جمالی) میں تقسیم کرنے کی تجویز ہے۔ خیبر پختونخوا کو شمالی خیبر پختونخوا (پشاور) اور جنوبی خیبر پختونخوا (ڈیرہ اسماعیل خان) میں بانٹا جائے گا، جبکہ سندھ کو شہری سندھ (کراچی) اور دیہی سندھ (سکھر) میں تقسیم کیا جائے گا۔ فی الوقت یہ تمام تجاویز صرف مشاورت اور پالیسی سازی کے مراحل میں ہیں اور اس پر حتمی فیصلہ آئندہ چند ماہ میں متوقع بتایا جا رہا ہے۔ مگر یہ طے ہے کہ نئے صوبوں پر ہونے والی یہ بحث پاکستان کے وفاقی ڈھانچے، 18ویں ترمیم کی روح اور عوامی نمائندگی کے مستقبل کا تعین کرے گی۔ یہ ایک ایسا فیصلہ ہوگا جو قومی وحدت کو یا تو مزید مضبوط کر سکے گا یا پھر نئی تقسیم کی بنیاد ڈال سکے گا۔

(بقیہ صفحہ نمبر 1) نئے صوبوں کے قیام سے معاشی ترقی اور بہتر طرزِ حکمرانی ممکن ہے: میاں عامر محمود

میاں پاکستان بڑھتے ہوئے تجارتی خسارے کا شکار ہے اور مسلسل قرض لینے کی عادت نے ریاست کو کمزور کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو یہ سوچنا ہوگا کہ وہ ریاست کو کیا دے رہے ہیں نہ کہ صرف ریاست سے کیا لے رہے ہیں۔ انہوں نے کراچی کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ شہر کے نکاسی آب کے ناقص نظام اور بارشوں کے دوران پیدا ہونے والی صورتحال ناقص حکمرانی کی واضح تصویر ہے۔ میاں عامر محمود نے کہا کہ عوامی شعور اور لوگوں کی طاقت ہی وہ بنیاد ہے جس نے دنیا بھر میں سیاسی اور سماجی ڈھانچوں کو تبدیل کیا۔ آج دنیا بھر کی سیاسیات کی کتب میں وہ اصول بیان کیے جاتے ہیں جن پر ایک ریاست قائم ہوتی ہے اور ان میں عوامی فلاح، مساوات اور انصاف بنیادی ستون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بھی ایک مضبوط اور پائیدار ریاست اسی وقت قائم ہو سکتی ہے جب عوامی حقوق، شفافیت، مساوات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔

اسلام آباد: سی ڈی اے کا بس روٹس کے لئے موبائل ایپ

الیکٹرک اور میٹرو بس روٹس کی معلومات اب موبائل پر دستیاب ہونگی

رضوان اذان

اسلام آباد: کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے ''سی ڈی اے موبائل ایپ'' کے نام سے اپنا آفیشل موبائل ایپ لانچ کر دیا ہے، جو پلے اسٹور اور ایپل ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایپ شہریوں کو الیکٹرک اور میٹرو بس روٹس کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کرے گی۔ ایپ کی بدولت صارفین اپنی سفر کی منصوبہ بندی بہتر طریقے سے کرسکیں گے، جس میں مقامات کے درمیان متوقع سفر کا وقت بھی شامل ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ ایپ سیاحت کے حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کرے گی، جس میں اسلام آباد کے اہم مقامات اور دلچسپی کے پوائنٹس کی معلومات شامل ہوں گی تاکہ سیاح اپنے دورے کو بہتر طریقے سے پلان کرسکیں۔ چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں ایپ کی خصوصیات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ممبر ایڈمن و اسٹیٹ طلعت محمود، ممبر پلاننگ ڈاکٹر خالد حفیظ، این آر ٹی سی اور دیگر سینئر افسران شریک تھے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایپ کے اہم فیچرز میں ''ٹرپ پلاننگ'' شامل ہے جو صارفین کو سفر کا مکمل نقشہ، اوقات اور متوقع مدت فراہم کرتا ہے۔ ایپ میں ''راوٹس'' کا فیچر بھی موجود ہے، جس کے ذریعے صارفین اسلام آباد کے تمام فعال روٹس کی معلومات حاصل کرسکیں گے۔ مزید یہ کہ گوگل میپس کے ساتھ انٹیگریشن کے باعث روٹس کے نقشے اور تفصیلات بھی دستیاب ہیں۔ سی ڈی اے کے مطابق یہ ایپ صارفین کو فوری نوٹیفکیشن اور اعلانات بھی فراہم کرے گی، جیسے روٹس میں تبدیلی یا دیگر اہم معلومات میں مزید بتایا گیا کہ مستقبل قریب میں ایپ کے ذریعے ''ریئل ٹائم ٹریکنگ'' اور ''موبائل والٹ'' کی سہولت بھی متعارف کرائی جائے گی، جس سے صارفین اپنے کرایے ایپ کے ذریعے ادا کرسکیں گے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت دی کہ ایپ میں کیو آر کوڈ کے ذریعے خودکار کرایہ ادائیگی کا نظام بھی شامل کیا جائے، جس میں اے ٹی ایم، ماسٹر، ویزا کارڈز، بینکنگ ایپس، ایزی پیسہ اور جاز کیش وغیرہ کی سہولت فراہم ہو۔

چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ اس اقدام کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ شہری اپنے گھروں میں بیٹھے الیکٹرک بسوں کے تمام روٹس، اسٹاپس اور شیڈول کی معلومات حاصل کرسکیں اور اپنے سفر کی منصوبہ بندی با آسانی کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے شہریوں کو جدید، ایئر کنڈیشنڈ اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔

اسلام آباد میں گھر گھر سروے اور ''پاک آئی ڈی'' ایپ کے ذریعے شہریوں کا ڈیٹا بیس تیار کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد: کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے فیصلہ کیا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں گھر گھر سروے کیا جائے گا تاکہ ہر شہری کا جامع ڈیٹا بیس تیار کیا جاسکے جس میں جیوٹیگنگ کے ذریعے مقام، رہائش اور دیگر درست معلومات شامل ہوں گی۔ یہ سروے نہ صرف شہری علاقوں بلکہ دیہی بستیوں اور کچی آبادیوں تک پھیلا ہوگا۔ سی ڈی اے کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ممبر ایڈمنسٹریشن و اسٹیٹ طلعت محمود، ممبر ماحولیات اسفندیار بلوچ، ڈی آئی جی اسلام آباد پولیس جواد طارق، وزارت داخلہ، ضلعی انتظامیہ، نادرا، پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس اور دیگر اداروں کے نمائندے شریک ہوئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نادرا کی ''پاک آئی ڈی'' موبائل ایپ کے ذریعے شہری گھروں میں بیٹھے اپنی رجسٹریشن مکمل کرسکیں گے۔ تاہم ساتھ ہی ایک گھر گھر سروے بھی شروع کیا جائے گا تاکہ شہریوں کا مکمل ڈیٹا بیس تیار کیا جاسکے جو مستقبل میں منصوبہ بندی، ترقیاتی کاموں اور سکیورٹی کے لیے بنیاد فراہم کرے گا۔



چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ ایپ کو مزید صارف دوست بنایا جائے اور دیگر موجودہ ایپلی کیشنز کے ساتھ مربوط کیا جائے تاکہ شہری آسانی سے اپنی معلومات درج کرسکیں۔ اس ایپ میں خودکار ڈیٹا کلیکشن فیچر بھی شامل ہوگا جس سے رجسٹریشن کا عمل تیز اور مؤثر بنایا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق تمام گھرانوں، کرایہ داروں، رشتہ داروں اور غیر ملکیوں کی تفصیلات بھی جمع کی جائیں گی تاکہ اسلام آباد میں سکیورٹی کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ اس مقصد کے لیے سپارکو سے ہائی کوالٹی امیجری بھی حاصل کی جائے گی۔ مزید یہ کہ ایک جامع آگاہی مہم چلائی جائے گی تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس ایپ اور سروے میں حصہ لیں۔ چیئرمین سی ڈی اے کا کہنا تھا کہ ''پاک آئی ڈی'' ایپ اور گھر گھر سروے سے ضلعی انتظامیہ اور دیگر اداروں کو بہتر منصوبہ بندی اور سروسز فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کے تحفظ اور امن کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ عوام ایک محفوظ ماحول میں زندگی گزار سکیں۔

اسلام آباد: ایس ایس پی ٹریفک کیپٹن (ریٹائرڈ) سید ذیشان حیدر کو ان کے عہدے سے ہٹادیا گیا

اسلام آباد: صدر پاکستان آصف علی زرداری کے قافلے کو وی وی آئی پی روٹ کے باوجود شدید ٹریفک جام میں پھنسنے کے واقعے کے بعد اسلام آباد ٹریفک پولیس کے سینئر سپرنٹنڈنٹ (ایس ایس پی) ریٹائرڈ کیپٹن سید ذیشان حیدر کو ان کے عہدے سے ہٹادیا گیا۔ ذیشان حیدر نہ صرف ایس ایس پی ٹریفک کے فرائض انجام دے رہے تھے بلکہ ایس ایس پی سکیورٹی کا چارج بھی ان کے پاس تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جمعرات کی شام صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر داخلہ محسن نقوی اور دیگر حکام کے ہمراہ بحریہ ٹاؤن کے دورے پر جارہے تھے۔ اس موقع پر وی وی آئی پی روٹ اور حفاظتی انتظامات مکمل طور پر ترتیب دیے گئے تھے۔ لیکن کورال چوک کراس کرنے کے بعد صدر کا قافلہ غلط سمت میں روانہ ہوگیا اور بحریہ ٹاؤن جانے کے بجائے سکیورٹی حصار اور طے شدہ راستے سے باہر نکل گیا۔ نتیجتاً صدر مملکت کا قافلہ ایکسپریس وے پر عام ٹریفک میں پھنس گیا اور تقریباً آدھے گھنٹے تک جام میں پھنسا رہا۔ یہ صورتحال نہ صرف صدر اور وفاقی وزیروں کے لیے بلکہ عام شہریوں کے لیے بھی خطرناک ثابت ہوسکتی تھی۔ اس واقعے نے اسلام آباد ٹریفک پولیس کی کارکردگی اور ذمہ داریوں پر سنگین سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ وی وی آئی پی روٹ کے باوجود قافلے کو ٹریفک میں پھنس جانا پولیس کی کمزور نگرانی، ناقص منصوبہ بندی اور کوتاہی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اہلکاروں نے خود اعتراف کیا ہے کہ یہ واقعہ براہ راست صدر مملکت کی سکیورٹی کو سنگین خطرے میں ڈالنے کے مترادف تھا۔ وزیر داخلہ اور دیگر اداروں نے اس پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی نااہلی کسی بھی بڑے سانحے کا باعث بن سکتی تھی۔ واقعے کے فوری بعد ریٹائرڈ کیپٹن ذیشان حیدر کو ایس ایس پی ٹریفک اور ایس ایس پی سکیورٹی دونوں عہدوں سے ہٹا کر سینٹرل پولیس آفس بھیج دیا گیا۔ ان کی جگہ گریڈ 19 کے ریٹائرڈ اسکواڈرن لیڈر عبدالحق کو ایس ایس پی سکیورٹی کا اضافی چارج دیا گیا جبکہ گریڈ 18 کی افسر پری گل ترین کو ایس ایس پی ٹریفک کا چارج سونپا گیا ہے۔ شہریوں نے اس واقعے پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ اگر صدر مملکت کا قافلہ ہی ٹریفک جام میں پھنس سکتا ہے تو عام شہریوں کے تحفظ کا کیا عالم ہوگا۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ اسلام آباد پولیس اپنی توجہ اصل مسائل سے ہٹا کر صرف دکھاوے کی ڈیوٹیز میں مصروف رہتی ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ واقعہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ٹریفک پولیس میں ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ تربیت کی شدید کمی ہے۔ اگر فوری اصلاحی اقدامات نہ کیے گئے تو مستقبل میں ایسے واقعات دوبارہ پیش آسکتے ہیں۔

راولپنڈی

راجہ بازار کے تاجروں کی حکومت پنجاب کو وارننگ، 14 اگست کے بعد اہلخانہ سمیت دھرنے کی دھمکی

راجہ بازار راولپنڈی کے تاجروں نے حکومت پنجاب کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر فوارہ چوک سے ہملٹن روڈ (ڈنگی کھوئی) تک مرکزی سڑک عام ٹریفک کے لیے نہ کھولی گئی تو وہ 14 اگست کے بعد اہلخانہ سمیت دھرنا دیں گے، جو مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گا۔ پیر کو راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ٹریڈرز ایکشن کمیٹی کے صدر امیعہ پرویز نے کہا کہ حکومت پنجاب کا راجہ بازار کو پیدل چلنے والوں کی گلی میں بدلنے کا منصوبہ تاجروں کے کاروبار کے لیے تباہ کن ثابت ہوا ہے۔ ان کے مطابق سامان لادنے اور اتارنے میں شدید مشکلات پیش آرہی ہیں، کیونکہ 20 سے زائد مارکیٹوں کو ملانے والی سڑک پر گاڑیوں کا داخلہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ: "ہمارا کاروبار تباہ ہو چکا ہے۔ کرایہ دار دکانیں چھوڑنے پر مجبور ہیں اور دکاندار ملازمین کو فارغ کر رہے ہیں۔ تقریباً 12 ہزار تاجروں کا کاروبار بری طرح متاثر ہوا ہے۔'' امیعہ پرویز نے کہا کہ مقامی تاجروں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے انسدادِ تجاوزات اقدامات کی حمایت کی تھی، مگر مرکزی سڑکوں کی بندش نے بازار کی کاروباری سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "یہ شہر ہمارا ہے، ہم اصل اسٹیک ہولڈر ہیں، ہم ٹیکس ادا کرتے ہیں، یہیں جیتے اور مرتے ہیں۔ ہماری جائز بات مانی جانی چاہیے۔'' پریس کانفرنس میں چوہدری سہیل، ملک طاہر، ملک نثار، حاجی صداقت، آصف اکرم، کمال پاشا، شیخ شبیر اور شیخ افضل بھی موجود تھے۔ خیال رہے کہ رواں سال فروری سے راجہ بازار کو فوارہ چوک سے ہملٹن روڈ تک عام ٹریفک کے لیے بند کر کے پیدل چلنے والوں کے لیے مخصوص کر دیا گیا تھا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق یہ منصوبہ راجہ بازار کو ماڈل بازار میں تبدیل کرنے کے لیے شروع کیا گیا ہے، جس میں مرحلہ وار سڑکوں کی بندش، ٹریفک کنٹرول، اور بجلی و ٹیلی فون کی لائنوں کو زیر زمین منتقل کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔ تاہم تاجروں کا کہنا ہے کہ حکومت کی طرف سے متبادل پارکنگ مقامات اور سامان کی ترسیل کے انتظامات ناکافی ہیں، جس کی وجہ سے کاروبار بری طرح متاثر ہوا ہے۔

ڈینگی سروے ٹیم پر حملہ کرنے والے 2 ملزموں کو گرفتار کرلیا گیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈینگی سروے ٹیم پر حملہ کرنے والے 2 ملزموں کو گرفتار کرلیا گیا، تھانہ دھمیال کو محمد الطاف سینٹری انسپکٹر محکمہ ہیلتھ نے بتایا بسلسلہ ڈینگی سروے محکمہ صحت ٹیم جواد احمد سینٹری پیٹرول اور عبداللہ ابرار نے بینک کالونی نزد کراچی ہوٹل دھمیال کا معائنہ کیا دوران معائنہ پانی کی ٹینکی بغیر ڈھکن پائی گئی جس سے لاروہ برآمد کیا جس سے نمونہ لیا جس پر مالک دکان محمد محمود، مزمل احمد و عبدالرحمن ساتھ 5 افراد نامعلوم ڈینگی ٹیم پر حملہ آور ہوئے جس سے ملازم محکمہ صحت جواد احمد مضروب ہوگیا جس کے چہرے پر دائیں سائیڈ شدید چوٹ آئی ساتھ میں مار کٹائی دھکے گالم گلوچ بدتمیزی جان سے مارنے کی دھمکیاں دینا شروع کردیں جس پر موقع پر انٹامالوجسٹ پہنچا جس نے لاروہ کی تصدیق کی ایمرجنسی 15 پر اطلاع دی موقع پر 2 افراد مزمل احمد اور عبدالرحمن کو گرفتار کرکے تھانہ منتقل کیا۔

300 کلوگرام مضر صحت گوشت قبضہ میں لے کر تلف کردیا گیا

(راولپنڈی) 300 کلوگرام مضر صحت گوشت قبضہ میں لے کر تلف کردیا گیا، تھا تھانہ چکری کو سیدہ انیقہ حسن فوڈ سیفٹی آفیسر پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی نے بتایا کہ پولیس کی اطلاع پر پی ایس او پمپ نزد چکری انٹرچینج کے قریب موجود گاڑی نمبر ایل ای ایف-2805 کی میں چیکنگ کی گئی جو گاڑی میں معائنہ کرنے پر بیمار جانور کا 300 کلوگرام گوشت غیر معیاری، مضر صحت اور ناقابل استعمال پایا گیا جس کی تصدیق ڈاکٹر کاشف سجاد ویٹرنری آفیسر نے کی، مذکورہ 300 کلوگرام مضر صحت گوشت کو تلف کردیا گیا، گاڑی میں موجود سلیمان ریاض گوشت کی ترسیل کا کام کرتا ہے، جس کے خلاف مقدمہ درج کرکے اسے گرفتار کرلیا گیا۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا جاپان کا تاریخی دورہ

پنجاب میں ترقی اور عالمی سفارت کاری کا نیا باب

یاسین ظفر

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا حالیہ سرکاری دورہ جاپان ایک تاریخی واقعہ اور صوبے کی ترقی و عالمی تعلقات میں نئے دور کا آغاز ہے۔ تین دہائیوں بعد کسی پاکستانی رہنما نے اس سطح پر جاپان کا دورہ کیا، جس سے دونوں ممالک میں تعاون کے نئے در کھلے۔ یہ پانچ روزہ دورہ ٹوکیو، اوساکا اور یوکوہاما پر مشتمل تھا جہاں وزیراعلیٰ نے سرکاری حکام، سرمایہ کاروں اور ٹیکنالوجی ماہرین سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر پنجاب کو ایسے خطے کے طور پر اجاگر کیا گیا جو جدید منصوبہ بندی، ماحول دوست ترقی اور سرمایہ کاری کے مواقع کے حوالے سے منفرد پہچان رکھتا ہے۔ ملاقاتوں کے دوران جاپان کے وزیر خارجہ کے سینئر اسٹیٹ منسٹر میاجی تکوما اور دیگر حکام نے پنجاب کے ساتھ تعاون

تین دہائیوں کے بعد کسی پاکستانی رہنما نے اس سطح پر جاپان کا سرکاری دورہ کیا ہے۔

بڑھانے پر آمادگی ظاہر کی۔ جاپانی حکومت اور اداروں نے پنجاب کے ترقیاتی اقدامات کو سراہا اور زور دیا کہ صوبہ جدید ٹیکنالوجی اور ماحول دوست پالیسیوں میں جاپان کے تجربات سے فائدہ اٹھائے۔ وزیراعلیٰ نے جاپانی سرمایہ کاروں کو خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کی دعوت دی اور شفاف طرزِ حکمرانی، بہتر کاروباری ماحول اور تیز رفتار فیصلوں کی یقین دہانی کرائی۔ دورے کا اہم پہلو یوکوہاما شہر کے ساتھ سٹی ٹو سٹی تعاون کا معاہدہ تھا۔ یوکوہاما جاپان کا سب سے ماحول دوست اور ترقی یافتہ صنعتی شہر ہے۔ اس معاہدے کے تحت لاہور سمیت بڑے شہروں کو شہری منصوبہ بندی، فضلہ جات کے انتظام، آلودگی پر قابو اور توانائی کے متبادل ذرائع کی ٹیکنالوجی فراہم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے یوکوہاما کے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کا معائنہ کیا، جہاں روزانہ ڈیڑھ ملین لیٹر پانی صاف کر کے توانائی میں بدلا جاتا ہے۔ انہوں نے اس ماڈل کو پنجاب میں لانے کا اعلان کیا تاکہ عوامی صحت بہتر ہو اور شہروں کو جدید و پائیدار بنایا جا سکے۔ ٹرانسپورٹ کے شعبے میں بھی تعاون پر اتفاق ہوا۔ لاہور اور اسلام آباد کے درمیان ہائی اسپیڈ ریل کی فزیبلٹی پر غور جاری ہے جبکہ شہری ٹریفک کم کرنے کے لیے اربن کیبل کار سسٹم پر کام ہوگا۔ اس کے ساتھ 1100 الیکٹرک بسیں رواں سال متعارف کرائی جائیں گی جو سفر کے معیار کو بہتر اور آلودگی کو کم کریں گی۔ وزیراعلیٰ نے پانچ لاکھ کم لاگت گھروں کی تعمیر کا اعلان کیا، جس سے متوسط اور غریب طبقہ مستفید ہوگا۔ "ستھرا پنجاب" مہم کے ذریعے صفائی کا نظام بہتر بنایا جائے گا اور ڈیڑھ لاکھ نئی نوکریاں پیدا ہوں گی۔ ترقیاتی پروگرام میں تعلیم، صحت، پانی، آبپاشی اور ماحولیات کے لیے خطیر بجٹ مختص کیا گیا تاکہ ثمرات عوام تک براہِ راست پہنچ سکیں۔ ماحولیاتی تحفظ پر خصوصی توجہ دی گئی۔ پنجاب میں ماحولیاتی پروٹیکشن فورس قائم ہوگی جو قوانین پر عمل یقینی بنائے گی۔ سنگل یوز پلاسٹک پر پابندی اور تعمیرات کے دوران دھول پر قابو کے اقدامات لازم ہوں گے۔ یہ اقدامات شہروں کو صاف اور پائیدار بنانے کی جانب اہم قدم ہیں۔ اس دورے کے نتیجے میں پنجاب نہ صرف جاپان کے تجربات اور ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھائے گا بلکہ عالمی سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش خطہ بھی بنے گا۔

وزیراعلیٰ نے سرمایہ کاروں کو یقین دلایا کہ شفافیت اور سرمایہ کار دوست پالیسیوں کے تحت ان کے سرمائے کو محفوظ اور منافع بخش مواقع ملیں گے۔ یہ دورہ پنجاب کی ترقی کے لیے نئے راستے کھولتا ہے اور پاکستان کی مثبت شبیہ اجاگر کرتا ہے۔ یوکوہاما کے ساتھ تعاون، جدید ٹرانسپورٹ، رہائشی منصوبے، فضلہ سے توانائی اور سرمایہ کاری کے مواقع مل کر پنجاب کو ایک صاف ستھرا، ماحول دوست اور عوامی بہبود پر مبنی ترقی کا ماڈل بنا سکتے ہیں۔ یہ عوام کے لیے ایک نئی صبح کی نوید ہے جس میں عالمی تعاون اور مقامی عزم مل کر ترقی کی نئی تاریخ رقم کریں گے۔

ملتان: دریائے چناب کے سیلابی ریلے نے جلالپور پیروالا میں تباہی مچادی، ہزاروں افراد متاثر

ملتان: دریائے چناب کا سیلابی پانی تحصیل جلالپور پیروالا میں تباہی مچاتے ہوئے آگے بڑھ رہا ہے اور شہر کو بدستور خطرہ لاحق ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ حفاظتی بندوں کو مضبوط کرنے کی کوششیں جاری ہیں، تاہم پانی کی سطح خطرناک حد تک بلند ہو چکی ہے۔ سیلابی صورتِ حال کے باعث ملتان، میانوالی، راولپنڈی سیکشن پر ریلوے ٹریک متاثر ہوا ہے جس کے بعد ٹرینوں کی آمد و رفت معطل کر دی گئی ہے۔ ترجمان ریلوے کے مطابق تھل ایکسپریس اور مہر ایکسپریس تاحکم ثانی بند کر دی گئی ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق جلالپور پیروالا میں سیلاب متاثرین کو نکالنے کے دوران ایک کشتی الٹ گئی جس میں 19 افراد سوار تھے۔ خوش قسمتی سے 18 افراد کو بچا لیا گیا، تاہم ایک شخص بدستور لاپتہ ہے جس کی تلاش جاری ہے۔ ریسکیو ٹیم متاثرین کو موضع دراب پور سے محفوظ مقام پر منتقل کر رہی تھی۔ اس سے قبل مظفرگڑھ کی تحصیل علی پور میں بھی بدھ کی شام سیلاب متاثرین کی کشتی ڈوبنے کا واقعہ پیش آیا، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریلیف کمشنر پنجاب ندیم جاوید کے مطابق صرف جلالپور پیروالا اور گردونواح میں سیلاب سے تقریباً ڈیڑھ لاکھ افراد متاثر ہوئے ہیں۔ متعدد دیہات زیرِ آب آ چکے ہیں اور ہزاروں افراد عارضی کیمپوں یا رشتہ داروں کے گھروں میں پناہ لینے پر مجبور ہیں۔ سیلاب زدہ علاقوں میں ریسکیو آپریشن کے دوران فوج اور سول ڈیفنس کی ٹیمیں بھی شریک ہیں، جو کشتیوں کے ذریعے پھنسے ہوئے افراد کو درختوں اور چھتوں سے نکال کر محفوظ مقامات تک پہنچا رہی ہیں۔ تاہم متاثرین کا کہنا ہے کہ نجی کشتیوں کے مالکان نے پہلے ہی ادائیگی کرنے والے خاندانوں کو نکال لیا، جبکہ غریب لوگ سرکاری امداد کے منتظر رہ گئے۔ ادھر محکمہ موسمیات کے مطابق راوی، چناب اور ستلج میں اونچے درجے کا سیلاب ہے اور پانی کی سطح مسلسل بلند ہو رہی ہے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ پانی آئندہ دنوں میں سندھ کی طرف بڑھے گا جس سے جنوبی اضلاع میں بھی خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جلالپور پیروالا کا دورہ کیا اور متاثرہ خاندانوں کے لیے معاوضے کا اعلان کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ "سیلاب سے متاثرہ ہر شخص سے کیا گیا وعدہ پورا ہوگا۔" شدید بارشوں کے بعد کراچی میں بھی سڑکیں زیرِ آب آ گئیں جبکہ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر جلالپور پیروالا شہر کو سیلابی پانی نے لپیٹ میں لے لیا تو لاکھوں افراد متاثر ہو سکتے ہیں۔

پنجاب میں سیلابی صورتحال، 19 ہزار افراد محفوظ مقامات پر منتقل

دریائے ستلج میں اونچے درجے کا سیلاب

لاہور: صوبہ پنجاب میں دریائے ستلج میں خطرناک حد تک پانی کے بہاؤ کے بعد حکومت نے متعدد اضلاع میں ہائی الرٹ جاری کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر انخلا کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے مطابق اب تک 19 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا ہے۔ بورڈ آف ریونیو کی ہائیڈرولوجیکل رپورٹ کے مطابق گنڈا سنگھ والا پر دریائے ستلج کا بہاؤ 1,29,866 کیوسک ریکارڈ کیا گیا جو اگلے 48 گھنٹے تک خطرناک صورتحال پیدا کر سکتا ہے۔ اسی تناظر میں قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر اور وہاڑی سمیت متعدد اضلاع میں ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان فاروق احمد نے بتایا کہ دریائے ستلج اور راوی کے کناروں پر بسنے والے لوگوں کا انخلا اولین ترجیح ہے، اور اب تک 19,947 شہریوں کو مختلف متاثرہ علاقوں سے نکالا جا چکا ہے۔ صوبائی وزیر اور چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ شہریوں کے تحفظ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ریسکیو اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور دریاؤں کے قریب تفریحی سرگرمیوں سے گریز کریں۔ محکمہ موسمیات نے 24 سے 27 اگست کے دوران پنجاب کے بالائی علاقوں سمیت ملک کے دیگر حصوں میں مون سون بارشوں کا نیا اور شدید سلسلہ متوقع قرار دیا ہے، جس کے باعث اگلے 96 گھنٹے نہایت اہم ہیں۔ ریلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید کے مطابق حساس علاقوں میں ریسکیو ٹیمیں پہلے ہی تعینات کر دی گئی ہیں جبکہ امدادی کیمپ فعال کر دیے گئے ہیں، جہاں ادویات، ویکسین اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

پنجاب حکومت کا نیا اقدام: صفائی بل اور کچرا پھینکنے پر بھاری جرمانے

